Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

نومبر 2019

عزیزی اہلِ خانہ،

محکمئہ تعلیم میں ہماری اولین ترجیح طلبا کو محفوظ اور تندرست رکھنا ہے تاکہ یہ تعلیم اور اسکول میں ہر روز مشغول ہو سکیں۔ آج ہم آپ کو محکمئہ تعلیم کی شہر کے تمام اسکولوں میں سیسے کی جارحانہ اصلاح کے کام متعلق اہم تازہ ترین خبر کے ساتھ تحریر کر رہے ہیں۔

عمارت کے نگراں ہماری اسکولی برادریوں اور ہر روز ہمارے اسکولوں کا ایک اہم حصہ ہیں۔ یہ ہمیشہ سے سیسے کے اکھڑتے پینٹ کی نگرانی کرنے کے لیے بصری جانچ کرتے رہتے ہیں، اور راویتی طور پر نتائج کو قلم بند کرنے کے لیے موسم گرما میں معائنوں کے ایک اور راؤنڈ کو مکمل کیا گیا تھا۔ اس سال اسکول کے پہلے دن تک، ہم نے چھ سال سے کم عمر اور موسم خزاں میں خدمات فراہم کرنے والے کلاس رومزمیں پائے جانے والے کسی بھی سیسے کے اکھڑتے ہوئے پینٹ کا معائنہ اور اس کو کامیابی کے ساتھ درست کر لیا ہے، کسی بھی درکار اصلاح کو مکمل کر لیا گیا تھا۔

اس موسم خزاں کے اوائل میں ہم نے کیفیٹریا اور لائبریریوں میں اپنے کام کا بھی آغاز کر دیا تھا، اور ان جگہوں کو ضرورت کے مطابق کارآمد بنا دیا گیا تھا۔ کارآمد بنانے کا طریق کار موحولیات کی تحفظاتی ایجنسی (EPA) - اور نیو یارک شہر محکمئہ صحت کے منظور کردہ طریق کار ہیں جن کے ذریعے اکھڑتے ہوئے پینٹ کو ہٹایا جاتا ہے، سیل کی جاتا ہے اور اس کو دوبارہ پینٹ کیا جاتا ہے۔ یہ ان جگہوں کو چھوٹے بچوں کے لیے محفوظ بناتا ہے، جیسے کہ دیوار کے متاترہ حصے کو ڈھناپ دیا جاتا ہے اور یہ ناقابل رسائی ہوتا ہے۔ اصلاحی کام اس وقت کامیاب ہو جاتا ہے جب دھول کے نمونے کمرے کے طویل مدتی تحفظ کی تصدیق کر دیتے ہیں۔

ہماری توجہ کا مرکز ہمیشہ سے وہ کلاس روم ہیں جہاں طلبا اپنا زیادہ تر وقت گذارتے ہیں، لیکن ہم اپنے طریقوں کو بہتر بنانے کے لیے پُر عظم ہیں اور ہم نے اپنے کام کو عام جگہوں تک توسیع دی ہے۔ اگلے ماہ سے آغاز کرتے ہوئے، ہم معائنوں کو بشمول بیت الخلا، جیمنیزیمز اور آڈوٹوریم تک توسیع دے رہے ہیں۔

البتہ سیسے پر مبنی پینٹ پر نیو یارک شہر میں 1960 میں پابندی لگا دی گئی تھی، ہم اضافی احتیاط کرتے ہیں اور ہم کسی بھی ایسی عمارت کی جانچ کرتے ہیں جو پابندی لگنے کے 25 سال بعد تعمیر کی گئی تھی۔ تین سال سے کم عمر کے بچے سیسے سے صحتیاتی خطرے سے زیادہ اثرپذیر اور زدپذیر ہوتے ہیں اور چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو بڑی عمر کے بچوں کے مقابلے میں زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

ہمارے رد عمل کا طریق کار بچوں کو محفوظ رکھتا ہے، اور سال کے دوران محکمئہ تعلیم (DOE) نے اس کام کی نگرانی اور شفافیت میں اضافہ کیا ہے۔ آن لائن ایک مرکزی ڈیٹا بیس دستیاب ہے، اور عملہ یا والدین کسی بھی اکڑھے ہوئے پینٹ کی کوئی بھی رپورٹ آن لائن آلہ کار کے ذریعے کر سکتے ہیں جو کہ schools.nyc.gov/lead-based-paint پر 24/7 دستیاب ہے۔

ہمارے سیسے کی اصلاح کے متعلق کی جانے والی کسی بھی کوششوں کے بارے میں سوالات کے لیے براہ کرم ہم سے بلاجھجھک PaintTesting@schools.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

مخلص،

دفتر برائے چیف آپریٹینگ